SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
July 29, 2024

## ایس ای سی پی کی میوچل اور پنشن فنڈ کی ریگولیٹری رجیم میں جامع اصلاحات آغاز

اسلام آباد، جولائی 29: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے میوچل فنڈز اور نجی پنشن فنڈز میں جامع اصلاحات متعارف کروانے کے حوالے سے مشاورتی مقالہ جاری کیا ہے۔ اس کنسلٹیشن پیپر میں میوچل فنڈز کے سرمایہ کاروں پر فنڈ مینجمنٹ کی کاسٹ کا بوجھ کم کرنے، منافع کو بہتر بنانے، بچتوں کو فروغ دینے اور عوام تک میوچل فنڈز کی ڈسٹری بیوشن اور رسائی آسان بنانے کے لئے جامع ترامیم تجویز کی گئیں ہیں۔

مشاورتی مقالہ میں تین حصوں میں موجودہ فریم ورک کا جائزہ لیا گیا ہے؛ پہلے حصہ میں میوچل فنڈز کے ٹوٹل ایکسپنس رجیم یعنی فنڈ مینجرز کے مکمل اخراجات کا جائزہ لیا گیا ہے، دوسرے حصے میں پنشن فنڈز کے مینجرز کے اخراجات کا جائزہ اور ان میں کمی کی تجاویز دی گئیں ہیں جبکہ پیپر کے تیسرے حصہ میں میوچل فنڈز اور پنشن فنڈز کے ڈسٹری بیوشن ماڈل کا جائزہ اور اصلاحات تجویز کی گئیں ہیں۔ کنسلٹیشن پیپر ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر عوامی رائے اور اسٹیک ہولڈرز سے تبصرے کے لیے شائع کر دیا گیا ہے۔

میوچل اور پنشن فنڈز کے موجودہ ٹوٹل کاسٹ رجیم کا جائزہ لیتے ہوئے، ایس ای سی پی نے سرمایہ کاروں پر فنڈ کی مینجمنٹ کے اخراجات کا بوجھ کم کرنے اور طویل مدتی سرمایہ کاری کے منافع میں اضافے، اور فنڈ مینجروں کے اخراجات میں شفافیت کے لیے ترمیم تجویز کی گئیں ہیں۔ اسی طرح، پیپر کے تیسرے حصے میں میوچل فنڈز اور پنشن فنڈز کی تقسیم (ڈسٹری بیوشن) کے نیٹ ورک کو آسان اور جدید بنانے کے لیے ایک فریم ورک تجویز کیا گیا ہے۔

مجوزہ ترمیم پاکستان کی میوچل فنڈ رجیم کو بین الاقوامی بہترین طریقوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کی گئی ہیں کہ پنشن فنڈ کے شرکاء اپنی بچت سے زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کریں۔

میوچل فنڈز اور پنشن فنڈز کے ریگولیٹری فریم ورک میں تجویز کی گئیں ترامیم کے حوالے عوامی رائے طلب کی گئی ہے جس کا مقصد ایک زیادہ موثر، شفاف اور مساوی فریم ورک تشکیل دینا ہے جو سرمایہ کاروں کی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کرتا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005